باب **1**

5259CH01

# رشتے اور تفاعلات
# (RELATIONS AND FUNCTIONS)

❖ دنیا میں بدصورت ریاضی کے لئے کوئی مستقل جگہ نہیں ہے- ریاضی کی خوبصورتی کو بیان کرنا بہت مشکل ہے لیکن یہ اتنا ہی سمجھ ہے جتنا کہ کسی بھی خوبصورتی کو بیان کرنا، ہم بالکل صحیح نہیں جانتے کہ ایک خوبصورت نظم کا کیا مطلب ہے، لیکن وہ ہمیں کسی کو بھی پہچاننے سے نہیں روکتا جب ہم اسے پڑھتے ہیں جی-ایچ- ہارڈی ❖

## 1.1 تعارف



لیجو نے ڈیرچلیٹ
**(1805-1859)**

اسے یاد کیجیے کہ رشتے اور تفاعلات، علاقہ، ہم علاقہ اور وسعت کے تصّور سے گیارہویں جماعت میں ہی متعارف کرادیا گیا ہے جس میں مختلف قسم کے حقیقی قدر والے تفاعلات اور ان کے گراف بھی شامل ہیں۔ ریاضی میں اصطلاح 'رشتہ' کا مطلب وہی ہے جو انگریزی زبان ہے، جس کے مطابق دو اشیا یا چیزوں کا ایک دوسرے سے موازنہ کیا جاتا ہے اگر دونوں اشیا یا مقادیر کے درمیان ایک تعلق ہوتا ہے اگر دونوں کے درمیان ایک ربط ہو۔ مان لیجیے اگر ایک اسکول کے بارہویں جماعت کے طلباء کا ایک سیٹ A ہے اور اسی اسکول کے گیارہویں جماعت کے طلباء کا سیٹ B ہے۔ تب A سے B کے رشتہ کی کچھ مثالیں اس طرح ہیں۔

(i) $\{(a, b) \in A \times B$ : $a$، $b$ کا بھائی ہے$\}$

(ii) $\{(a, b) \in A \times B$ : $a$، $b$ کی بہن ہے$\}$

(iii) $\{(a, b) \in A \times B$ : $a$ کی عمر $b$ کی عمر سے زیادہ ہے$\}$

(iv) $\{(a, b) \in A \times B$ : $a$ کے ذریعے حاصل کیے گئے سالانہ امتحان میں کل نمبر $b$ کے ذریعے حاصل کئے گئے سالانہ امتحان میں کل نمبر سے کم ہیں$\}$

© NCERT Not to be Republished

(v) $\{a\}$ اسی علاقہ میں رہتا ہے جہاں $b$ رہتا ہے : $\{(a,\ b)\ \in A\times B$ لیکن اس سے نتیجہ اخذ کرتے ہوئے ہم A سے B کا رشتہ R کو ریاضیاتی طور پر ایک A×B کا اختیاری ذیلی سیٹ کے طور پر بیان کرتے ہیں۔

اگر $(a,b)\in R$، ہم کہتے ہیں کہ $a$ کا $b$ سے رشتہ R کے ماتحت ایک تعلق ہے اور اسے $a\ R\ b$ لکھتے ہیں۔ عام طور پر، $(a,b)\in R$ ہم اس کی قطعی فکر نہیں کرتے کہ کیا $a$ اور $b$ کے درمیان کوئی قابل پہچان کوئی ربط یا تعلق ہے۔ جیسا کہ گیارہویں جماعت میں دیکھا گیا ہے کہ، تفاعلات خاص قسم کے رشتہ ہوتے ہیں۔

اس باب میں ہم مختلف قسم کے رشتوں اور تفاعلات کے بارے میں مطالعہ کریں گے، تفاعلات کی ترکیب، قابل تعکیس تفاعل فنکشن اور دو عنصری عمل۔

## 1.2 رشتوں کی قسمیں (Types of Relations)

اس سیکشن میں ہم مختلف قسم کے رشتوں کا مطالعہ کریں گے۔ ہم جانتے ہیں کہ ایک سیٹ A میں رشتہ $A\times A$ کا ذیلی سیٹ ہے۔ اس طرح، خالی سیٹ $\phi$ اور A×A دو طرفین رشتہ ہیں۔ سمجھانے کے لئے سیٹ $A=\{1,2,3,4\}$ میں رشتہ R پر غور کیجیے جو کہ $R=\{(a,b): a-b=10\}$ سے دیا گیا ہے۔ یہ ایک خالی سیٹ ہے، کیونکہ کوئی بھی جوڑا (a,b) شرط، $a-b=10$ کو مطمئن نہیں کرتا۔ اسی طرح $R'=\{(a,b): |a-b|\geq 0\}$ مکمل سیٹ A × A ہے کیونکہ A × A میں تمام جوڑے $(a,b)$، $|a-b|\geq 0.$ کو مطمئن کرتے ہیں۔ ان دو مثالوں سے ہم ذیل میں دی گئی تعریفوں کو بیان کر سکتے ہیں۔

**تعریف 1** سیٹ A میں ایک رشتہ R خالی رشتہ کہلاتا ہے، اگر A کا کوئی بھی عنصر کا تعلق A کے کسی بھی عنصر سے نہیں ہے، یعنی، $R=\phi\subset A\times A$ ۔

**تعریف 2** سیٹ A میں ایک رشتہ R آفاقی رشتہ کہلاتا ہے، اگر A کا ہر عنصر، A کے ہر ایک عنصر سے تعلق رکھتا ہے، یعنی، $R=A\times A$۔

دونوں خالی رشتہ اور آفاقی رشتہ اکثر ادنیٰ رشتے کہلاتے ہیں۔

**مثال 1** مان لیجئے ایک لڑکوں کے اسکول کے تمام طلباء کا سیٹ A ہے۔ دکھایئے کہ رشتہ R، A میں جو کہ $\{a, b$ کی بہن ہے $R=\{(a,b)$ سے دکھایا گیا ہے ایک خالی رشتہ ہے اور $\{a$ اور $b$ کے قدوں کا فرق 3 میٹر سے کم ہے: $R'=\{(a,b)\}$ آفاقی رشتہ ہے۔

**حل** کیونکہ اسکول ایک لڑکوں کا اسکول ہے، اسکول کا کوئی بھی طالب علم اسکول کے کسی طالب علم کی بہن نہیں ہوسکتی۔ اس لیے، $R=\phi$ جو دکھاتا ہے کہ R ایک خالی رشتہ ہے۔ اور یہ بھی صاف ہے کہ اسکول کے دو طلباء کے قدوں کا فرق 3 میٹر سے کم ہونا چاہئے۔ یہ دکھاتا ہے کہ $R' = A \times A$ ایک آفاقی رشتہ ہے۔

**ریمارک** گیارہویں جماعت میں ہم نے رشتہ کو ظاہر کرنے کے دو طریقے دیکھے تھے جن کے نام ہیں روسٹر طریقہ اور سیٹ ساز طریقہ۔ حالانکہ سیٹ $\{1,2,3,4\}$ میں ایک رشتہ جو کہ $R=\{(a,b): b=a+1\}$ سے بیان کیا گیا ہے $a\ R\ b$ سے بہت سے مصنفوں نے بھی دکھایا ہے اگر اور صرف اگر $b=a+1$۔ ہم اس علامت کا استعمال جہاں موزوں ہو کر سکتے ہیں۔

اگر $(a,b) \in R$، ہم کہتے ہیں کہ $a$ کا تعلق $b$ سے ہے اور ہم اسے $a\ R\ b$ سے ظاہر کرتے ہیں۔

ایک بہت ہی اہم رشتہ، جو کہ ریاضی میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے معادلتی رشتہ ہے۔ معادلت کے رشتہ کا مطالعہ کرنے کے لئے، ہم پہلے تین قسم کے رشتوں پر غور کرتے ہیں، جن کے نام ہیں رجوعی، متشاکل اور انتقالی۔

**تعریف 3** ایک رشتہ R ایک سیٹ A میں کہلاتا ہے

(i) رجوعی، اگر $(a,a) \in R$، ہر ایک $a \in R$ کے لئے،

(ii) متشاکل، اگر $(a_1,a_2) \in R$ سے ملتا ہے $(a_2,a_1) \in R$ تمام $a_1, a_2 \in A$ کے لئے،

(iii) انتقالی، اگر $(a_1,a_2) \in R$ اور $(a_2,a_3) \in R$ سے نکلتا ہے $(a_1,a_3) \in R$، تمام $a_1, a_2 a_3 \in A$ کے لئے۔

**تعریف 4** ایک رشتہ R ایک سیٹ A میں ایک معادلتی رشتہ کہلاتا ہے اگر R رجوعی، متشاکل اور انتقالی ہو۔

**مثال 2** مان لیجئے ایک مستوی میں T تمام مثلثوں کا سیٹ ہے رشتہ R کے ساتھ T میں جو کہ دیا گیا ہے $\{T_1, T_2\}$ کے متماثل ہے $R = \{(T_1, T_2)$۔ دکھائیے کہ R ایک معادلتی رشتہ ہے۔

**حل** R رجوعی ہے، کیونکہ ہر مثلث اپنے آپ کے متماثل ہوتا ہے۔ مزید $(T_1, T_2) \in R \Rightarrow T_1$ کا مطلب ہے $T_1$ $T_2 \Leftarrow$ کے متماثل ہے اسی سے ملتا ہے کہ $(T_1,T_2)$، کے متماثل ہے۔ $(T_2,T_1) \in R \Rightarrow$ اس لیے، R متشاکل ہے۔ اس کے علاوہ $(T_1,T_2), (T_2,T_3) \in R$ کا مطلب ہے $T_1$ متماثل ہے $T_2$ کے اور $T_2$ متماثل ہے $T_3$ کے اس لیے $T_1$ متماثل ہے $T_3$ کے اس لیے R ایک معادلتی رشتہ ہے۔

© NCERT Not to be Republished

**مثال 3** مان لیجیے مستوی L، تمام خطوط کا سیٹ ہے اور L، R میں ایک رشتہ ہے جو اس طرح بیان کیا گیا ہے $\{(L_1,L_2)$ : $L_1$، $L_2$ پر عمود ہے$\}$ = R ۔ دکھائیے کہ R متشاکل ہے لیکن نہ تو رجوعی اور نہ ہی انتقالی ہے۔

**حل** R رجوعی نہیں ہے، کیونکہ خط $L_1$ اپنے آپ پر عمود نہیں ہو سکتا، یعنی $R(L_1,L_1) \notin R$ متشاکل ہے کیونکہ $(L_1,L_2) \in R$

$\Leftarrow$ $L_2, L_1$ پر عمود ہے

$\Leftarrow$ $L_1, L_2$ پر عمود ہے

$\Leftarrow$ $L_2, L_2 \in R$




**شکل 1.1**

R انتقالی نہیں ہے۔ کیونکہ، اگر $L_1 L_2$ پر عمود ہے اور $L_2 L_3$ پر عمود ہے، تب $L_1 L_3$ پر کبھی بھی عمود نہیں ہو سکتا۔ حقیقت میں، $L_1 L_3$ پر متوازی ہے، یعنی، ———— $(L_1, L_2) \in R, L_2, L_3 \in R$ لیکن $(L_1, L_3) \notin R$

**مثال 4** دکھائیے کہ رشتہ R سیٹ $\{1,2,3\}$ میں دیئے گئے $R=\{(1,1),(2,2),(3,3),(1,2),(2,3)\}$ میں رجوعی ہے لیکن نہ تو متشاکل اور نہ ہی انتقالی ہے۔

**حل** R رجوعی ہے، کیونکہ $(1,1)$, $(2,2)$ اور $(3,3)$، R میں واقع ہیں۔ ساتھ ہی، R متشاکل نہیں ہے، کیونکہ $(1,2) \in R$ لیکن $(1,2) \notin R$۔ اسی طرح، R انتقالی نہیں ہے، کیونکہ $(1,2) \in R$ اور $(2,3) \in R$ لیکن $(1,3) \notin R$۔

**مثال 5** دکھائیے کہ رشتہ R صحیح اعداد کے سیٹ Z میں جو کہ دیا گیا ہے۔

$$R = \{(a,b): \text{2 کو تقسیم کرتا ہے } a-b\}$$

ایک معادلتی کا رشتہ ہے۔

**حل** R رجوعی ہے، کیونکہ 2 تمام $a \in Z$ کے لیے $(a-a)$ کو تقسیم کرتا ہے۔ مزید اگر $(a,b) \in R$، جو دکھاتا ہے کہ 2، a-b کو تقسیم کرتا ہے اس لیے b-a,2 کو بھی تقسیم کرے گا اس لیے R متشاکل ہے۔ اسی طرح، اگر $(a,b) \in R$، تب $a-b$ اور $b-c$، 2 سے تقسیم ہو سکتا ہے۔ اب $a-c=(a-b)+(b-c)$ ایک جفت ہے (کیوں؟)۔ اس طرح، $(a-c)$، 2 سے تقسیم ہو سکتا ہے۔ یہ دکھاتا ہے کہ R انتقالی ہے۔ اس لیے Z، R میں ایک معادلتی کا رشتہ ہے۔

© NCERT Not to be Republished

**مثال 5** میں یہ بات نوٹ کر لیجئے ، کہ تمام جفت صحیح اعداد کا تعلق صفر سے ہے، کیونکہ $(0, \pm 2)$ ، $(0, \pm 4)$ وغیرہ۔ R، میں واقع ہیں اور کسی بھی طاق صحیح عدد کا تعلق صفر سے نہیں ہے، کیونکہ $(0, \pm 1)$ ، $(0, \pm 3)$ وغیرہ وغیرہ R میں واقع نہیں ہے۔ اسی طرح، تمام طاق صحیح اعداد کا تعلق 1، سے ہے اور کسی بھی جفت صحیح اعداد کا تعلق 1، سے نہیں ہے۔ اس لئے تمام جفت صحیح اعداد کا سیٹ E اور تمام طاق صحیح اعداد کا سیٹ O، Z کے ذیلی سیٹ ہیں جو ذیل شرائط کو مطمئن کرتا ہے:

(i) E کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے اور O، کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے۔

(ii) E کے کسی بھی عنصر کا O کے کسی بھی عنصر سے تعلق نہیں ہے اور اس کے برعکس۔

(iii) E اور O غیر شریک ہیں اور $Z = E \cup O$۔

ذیلی سیٹ E معادلت کلاس کہلاتا ہے جس میں صفر شامل ہے اور اسے [0] سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح، O معادلتی کلاس ہے جس میں، 1، شامل ہے اور [1] سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ یہ بات نوٹ کر لیجئے کہ $[0] = [2r]$ $[0] \neq [1]$, اور $[1] = [2r + 1]$، جہاں $r \in Z$ ۔ حقیقت میں جو ہم نے اوپر ایک اختیاری معادلت رشتہ R ایک اختیاری سیٹ X میں، X,R کو باہمی غیر مشترک ذیلی سیٹ $A_i$ میں تقسیم کرتا ہے جسے ہم X کے حصے یا ذیلی تقسیم کہتے ہیں جو ذیل کو مطمئن کرتا ہے۔

(i) تمام i، کے لئے $A_i$ کے تمام عناصر ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں۔

(ii) $i \neq j$ کے لئے، $A_i$ کا کوئی بھی عنصر $A_j$ کے کسی بھی عنصر سے تعلق نہیں رکھتا۔

(iii) $\cup A_j = X$ اور $A_i \cap A_j = \phi, i \neq j$

ذیلی سیٹ $A_i$ معادلتی کلاس کہلاتے ہیں۔ اس معاملہ کا دلچسپ حصہ یہ ہے کہ ہم اس کے برعکس بھی جا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، سیٹ Z کے تحت تقسیم میں باہمی غیر شریک ماتحت سیٹ $A_1$ $A_2$ اور $A_3$ سے دی گئی ہے جس کا اجماع **Z** ہے ذیل کے ساتھ

$$A_1 = \{x \in Z : \text{3, } x \text{ کا ضعف ہے}\} = \{..., -6, -3, 0, 3, 6, ...\}$$

$$A_2 = \{x \in Z : \text{3, } x-1 \text{ کا ضعف ہے}\} = \{..., -5, -2, 1, 4, 7, ...\}$$

$$A_3 = \{x \in Z : \text{3, } x-2 \text{ کا ضعف ہے}\} = \{..., -4, -1, 2, 5, 8, ...\}$$

ایک رشتہ R، **Z** میں بیان کیجئے جو کہ $\{a-b, 3$ جس کو تقسیم کرتا ہے: $R=\{(a,b)$ سے دیا گیا ہے۔ جیسا کہ مثال 5 میں



© NCERT Not to be Republished

استعمال کیا گیا ہے، اسی طرح کی دلیل دے کر، ہم دکھا سکتے ہیں کہ R ایک معادلتی رشتہ ہے۔ ساتھ ہی $A_1$ تمام صحیح اعداد Z کے ساتھ میں ملتا ہے جن کا تعلق صفر سے ہے، $A_2$ تمام صحیح اعداد کے سیٹ کے ساتھ ملتا ہے جن کا تعلق 1، ہے اور $A_3$ تمام صحیح اعداد کے سیٹ کے ساتھ ملتا ہے جن کا تعلق 2 سے ہے۔ اس طرح $A_1 = [0], A_2 = [1]$ اور $A_3 = [2]$ ہے۔ حقیقت میں، $A_1 = [3r], A_2 = [3r + 1]$ اور $A_3 = [3r + 2]$ ہے، تمام $r \in Z$ کے لئے۔

**مثال 6** مان لیجئے R ایک رشتہ ہے جو کہ سیٹ $A = \{1,2,3,4,5,6,7\}$ میں $R = \{(a,b)$: دونوں $a$ اور $b$ یا تو طاق ہیں یا جفت$\}$ سے بیان کیا گیا ہے۔ دکھایئے کہ R ایک معادلتی رشتہ ہے۔ اس کے آگے دکھایئے کہ ماتحت سیٹ $\{1,3,5,7\}$ کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے اور ماتحت سیٹ $\{2,4,6\}$ کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے، لیکن ماتحت سیٹ $\{1,3,5,7\}$ کے کسی بھی عنصر کا تعلق ماتحت سیٹ $\{2,4,6\}$ کے کسی عنصر سے نہیں ہے۔

**حل** A میں کوئی بھی عنصر $a$ دیا گیا ہے، دونوں $a$ اور $a$ یا تو طاق ہوں گے یا جفت ہوں گے، تا کہ $(a,a) \in R$ ۔ اس کے آگے $(a,b) \in R \Rightarrow$ دونوں $a$ اور $b$ یا تو طاق ہوں گے یا جفت ہوں گے $(b,a) \in R \Rightarrow$ ۔ اسی طرح $(a,b) \in R$ اور $(b,c) \in R \Rightarrow$ تمام عناصر $a,b,C$ یا تو جفت ہوں گے یا طاق ہم وقتی $(a,c) \in R$ اس لئے R ایک معادلتی رشتہ ہے۔ اس کے آگے، $\{1,3,5,7,\}$ کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے، کیونکہ اس ماتحت سیٹ کے تمام عناصر طاق ہیں۔ اسی طرح، ماتحت سیٹ کے $\{2,4,6\}$ کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے، کیوں کہ وہ تمام جفت ہیں۔ ساتھ ہی ماتحت سیٹ $\{1,3,5,7\}$ کا کوئی بھی عنصر $\{2,4,6\}$ کے کسی بھی عنصر سے تعلق نہیں رکھتا، کیونکہ $\{1,3,5,7\}$ کا کوئی بھی عنصر $\{2,4,6\}$ کے کسی بھی عنصر سے تعلق نہیں رکھتا، کیونکہ $\{1,3,5,7\}$ کے عناصر طاق ہیں، جب کہ $\{2,4,6\}$ کے عناصر جفت ہیں۔

## مشق 1.1

1۔ دریافت کیجئے کہ کیا ہر ایک ذیل مثبت رجوعی ہے، متشاکل اور انتقالی ہیں:

(i) رشتہ R سیٹ $A = \{1, 2, 3, ..., 13, 14\}$ میں، $R = \{(x, y) : 3x - y = 0\}$ کی طرح بیان کیا گیا ہے۔

(ii) رشتہ R طبعی اعداد کے سیٹ میں اس طرح بیان کیا گیا ہے

$R = \{(x, y) : y = x + 5$ اور $x < 4\}$

(iii) رشتہ R سیٹ $A = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$ میں اس طرح بیان کیا گیا ہے

© NCERT Not to be Republished

$R = \{(x, y)$ : سے تقسیم ہو جاتا ہے $x,y\}$

(iv) رشتہ R صحیح اعداد کے سیٹ Z میں اس طرح بیان کیا گیا ہے

$R = \{(x, y)$: ایک صحیح عدد ہے $x-y\}$

(v) رشتہ R انسانوں کے سیٹ A میں ایک شہر میں ایک خاص وقت پر اس طرح دیا گیا ہے

(a) $R = \{(x, y)$ : اور $y$ ایک ہی جگہ کام کرتے ہیں $x\}$

(b) $R = \{(x, y)$ : اور $y$ ایک ہی محلے میں رہتے ہیں $x\}$

(c) $R = \{(x, y)$ : سے صحیح 7 سینٹی میٹر لمبا ہے $y,x\}$

(d) $R = \{(x, y)$ : کی بیوی ہے $y,x\}$

(e) $R = \{(x, y)$ : کا والد ہے $y,x\}$

2۔ دکھایئے کہ رشتہ R جو کہ حقیقی اعداد کے سیٹ R میں اس طرح بیان کیا گیا ہے $\{ R = \{(a, b) : a \leq b^2$ نہ تو رجوعی ہے نہ ہی متشاکل اور نہ ہی انتقالی ہے۔

3۔ جانچ کیجئے کہ کیا رشتہ R جو کہ سیٹ $\{1,2,3,4,5,6\}$ میں اس طرح بیان کیا گیا ہے $R = \{(a, b) : b= a + 1\}$ رجوعی ہے، متشاکل یا انتقالی ہے۔

4۔ جانچئے کہ رشتہ R، **R** میں $R = \{(a, b) : a \leq b^2\}$ سے بیان کیا گیا ہے رجوعی ہے اور انتقالی ہے مگر متشاکل نہیں۔

5۔ جانچ کیجئے کہ کیا رشتہ R، **R** میں جو کہ $R = \{(a, b) : a \leq b^3\}$ سے بیان کیا گیا ہے رجوعی ہے، متشاکل ہے یا انتقالی۔

6۔ دکھایئے کہ رشتہ R سیٹ $\{1,2,3\}$ میں جو کہ $R = \{(1, 2), (2, 1)\}$ سے دیا گیا ہے متشاکل ہے لیکن نہ تو رجوعی ہے اور نہ ہی انتقالی ہے۔

7۔ دکھایئے کہ رشتہ R سیٹ A میں جو کہ ایک کالج کی لائبریری کی کتابوں کا سیٹ ہے اور دیا گیا ہے $\{x$ اور $y$ میں اوراق کی تعداد برابر ہے: $R = \{(x,y)$ سے ایک معادلت رشتہ ہے۔

8۔ دکھایئے کہ رشتہ R سیٹ $A=\{1, 2, 3, 4, 5\}$ میں جو کہ دیا گیا ہے $\{(|a-b|)$ جفت ہے: $R=\{(a,b)$ سے ایک معادلتی رشتہ ہے۔ دکھایئے کہ $\{1,3,5\}$ کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے اور $\{2,4\}$ کے تمام عناصر کا تعلق ایک دوسرے سے ہے۔ لیکن $\{1,3,5\}$ کے کسی بھی عنصر کا تعلق $\{2,4\}$ کے عنصر سے نہیں ہے۔



© NCERT Not to be Republished

**9۔** دکھایئے کہ ہرایک رشتہ R سیٹ $A = \{x \in Z : 0 \le x \le 12\}$ میں جو کہ دیا گیا ہے

(i) $R = \{(a,b)$ : 4 کا ضعف ہے $|a-b|\}$

(ii) $R = \{(a, b) : a = b\}$

ایک معادلتی رشتہ ہے۔ ہرایک کیس میں 1، سے تعلق رکھنے والے تمام عناصر کا سیٹ معلوم کیجیے۔

**10۔** ایک رشتہ کی ایک مثال دیجئے۔ جو کہ ہے

(i) متشاکل ہے لیکن نہ تو رجوعی ہے اور نہ ہی انتقالی۔

(ii) انتقالی ہے لیکن نہ تو رجوعی ہے اور نہ ہی متشاکل ہے۔

(iii) رجوعی اور متشاکل ہے لیکن انتقالی نہیں۔

(vi) رجوعی اور انتقالی ہے لیکن متشاکل نہیں ہے۔

(v) متشاکل اور انتقالی ہے لیکن رجوعی نہیں۔

**11۔** دکھایئے کہ رشتہ R جو کہ مستوی میں نقاط کے ایک سیٹ میں دیا گیا ہے { نقطہ P کا فاصلہ مبدا سے یکساں ہے جیسا کہ نقطہ Q کا فاصلہ مبدا سے: $R = \{(P, Q)$ سے ایک معادلتی رشتہ ہے۔ اس کے آگے، دکھایئے کہ تمام نقاط کا سیٹ نقطہ $P \neq (0, 0)$ جو کہ ایک دائرہ ہے اور P سے گزر رہا ہے مبدا اس کا مرکز ہے۔

**12۔** دکھایئے کہ رشتہ R جو کہ تمام مثلثوں کے سیٹ A میں اس طرح بیان کیا گیا ہے $\{T_1$ $T_2$ مشابہ ہیں: $R=\{(T_1, T_2)$ معادلتی رشتہ ہے۔ تین قائم زاوی مثلث $T_1$ جس میں اضلاع 3,4,5, ہیں، $T_2$ جس میں اضلاع 5,12,13 ہیں اور $T_3$ جس میں اضلاع 6,8,10 ہیں پر غور کیجئے۔ $T_1, T_2$ اور $T_3$ مثلث ہم رشتہ ہیں۔

**13۔** دکھایئے کہ رشتہ R جو کہ تمام کثیر ضلعی کے سیٹ A میں $\{P_1$ اور $P_2$ میں اضلاع کی تعداد برابر ہے $R = \{(P_1, P_2)$ سے ظاہر کیا گیا ہے ایک معادلت رشتہ ہے۔ تمام عناصر کا سیٹ A میں، جو کہ قائم زاوی مثلث T جس کے اضلاع 3,4 اور 5 ہیں کا کیا تعلق ہے؟

**14۔** مان لیجئے XY مستوی میں L، خطوط کا سیٹ ہے اور L,R میں ایک رشتہ ہے جو اس طرح بیان کیا گیا ہے $\{L_1, L_2$ کے متوازی ہے: $R = \{(L_1, L_2)$ ۔ دکھایئے کہ R ایک معادلت رشتہ ہے۔ ان تمام خطوط کا سیٹ معلوم کیجیے جن کا تعلق خط $y = 2x + 4$ سے ہے۔



© NCERT Not to be Republished

**15۔** مان لیجئے R سیٹ {1,2,3,4} میں ایک رشتہ ہے جو کہ R = {(1,2), (2,2), (1,1), (4,4), (1,3), (3,3), (3,2)} سے دیا گیا ہے۔ صحیح جواب چنئے۔

(A) R رجوعی اور متشاکل ہے لیکن انتقالی نہیں ہے۔

(B) R رجوعی اور انتقالی ہے لیکن متشاکل نہیں۔

(C) R متشاکل اور انتقالی ہے لیکن رجوعی نہیں۔

(D) R ایک معادلت رشتہ ہے۔

**16۔** مان لیجئے سیٹ N میں R ایک رشتہ ہے جو کہ R = {(a, b) : a = b–2, b>6} سے دیا گیا ہے۔ صحیح جواب چنئے۔

(A) $(2, 4) \in R$ (B) $(3, 8) \in R$ (C) $(6, 8) \in R$ (D) $(8, 7) \in R$

## 1.3 تفاعلات کی قسمیں (Types of Functions)

ایک تفاعلات کی علامت کچھ اہم تفاعلات کے ساتھ مثال کے طور پر اکائی تفاعلات، مستقل تفاعلات کثیر رکنی تفاعلات، ناطق تفاعلات، مقیاس تفاعلات، سنگم تفاعلات وغیرہ وغیرہ ان کے گرافوں کے ساتھ گیارہویں جماعت میں بتائے جا چکے ہیں۔ دو تفاعلات کا مجموعہ، تفریق، حاصل ضرب اور تقسیم کے بارے میں پڑھا جا چکا ہے۔ کیونکہ تفاعلات کا تصور ریاضی میں ایک عظیم اور خاص سوچ رکھتا ہے اور دوسرے مضامین میں بھی، ہم تفاعلات کے مطالعہ کو اس سے آگے بڑھانا چاہیں گے جہاں چھوڑا تھا۔ اس سیکشن میں ہم تفاعلات کی مختلف قسموں کا مطالعہ کریں گے۔

تفاعلات $f_1, f_2, f_3$ اور $f_4$ پر غور کیجئے جو کہ ذیل تصاویر میں دیئے گئے ہیں۔

شکل 1.2 میں ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ $X_1$ کے مختلف عناصر کی پرچھائیاں تفاعلات $f_1$ کے زیرِ سائے مختلف ہیں، لیکن $f_2$ کے زیرِ سائے $X_1$ کے دو عناصر کی پرچھائیاں یکساں ہیں، جن کا نام $b$ ہے اس کے آگے، کچھ عناصر $X_2$ میں مثال کے طور پر $e$ اور $f$ ہیں جو کہ $f_1$ کے زیرِ سائے $X_1$ کے کسی بھی عناصر کی پرچھائی نہیں ہے جب کہ $f_3$ کے زیرِ سایہ $X_1$ کے کچھ عناصر کی پرچھائیاں ہیں۔ اوپر کا مشاہدہ ذیل کی تعریفوں کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

**تعریف 5** تفاعلات $f: X \to Y$ یک۔یک (یا داخلی) کہا جاتا ہے، اگر $x$ کے مختلف عناصر کی شبیہ جو کہ $f$ کے زیرِ سایہ مختلف ہیں، یعنی ہر ایک $x_1, x_2 \in X$ کے لئے $f(x_1) = f(x_2)$ کا مطلب ہے $x_1 = x_2$ ورنہ $f$ بہت سے ایک



© NCERT Not to be Republished

(Many-one) کہلاتا ہے۔

شکل 1.2(i) اور (ii) میں تفاعل $f_1$ اور $f_4$ یک– یک اور تفاعل $f_2$ اور $f_3$ شکل 1.2(iii) اور (iii) میں بہت سے–ایک ہیں۔

**تعریف 6** ایک تفاعل $f: X \rightarrow Y$ $f$ کو اون ٹو کہا جاتا ہے، اگر $y$ کا ہر عنصر کی پرچھائی $x$ کا کوئی عنصر ہے $f$ کے ماتحت، یعنی ہر ایک $y \in Y$ کے لئے $x$ میں ایک عنصر X اس طرح موجود ہے کہ $f(x) = y$ ہو۔

شکل 1.2(iii)، (iv) میں تفاعل $f_3$ اور $f_4$ اون ٹو ہیں اور فنکشن $f_1$ شکل (i) 1.2 میں اون ٹو نہیں ہے کیونکہ عناصر $e$، $f_1$ کے زیرِ سایہ $f$، $X_2$ میں $X_1$ کے عناصر کی پرچھائی نہیں ہے۔




**شکل 1.2(i) سے (iv)**

**ریمارک** تفاعل $f: X \rightarrow Y$ اون ٹو ہے اگر اور صرف اگر $f$ کی وسعت $= Y$ ہے

**مثال 7** مان لیجئے ایک اسکول کی دسویں جماعت کے 50 طلباء کی تعداد کا سیٹ A ہے۔ مان لیجئے $f: A \rightarrow N$ ایک تفاعل ہے جو کہ $f(x) = x$، طلباء کے رول نمبر ہیں۔ دکھائیے کہ $f$ ایک–ایک ہے نہ کہ بر۔

**حل** کلاس کے دو طلباء کا رول نمبر ایک نہیں ہوسکتا۔ اس لیے $f$، کو ایک۔ایک ہونا ہی ہے۔ ہم بغیر وقت برباد کئے یہ مان سکتے ہیں کہ طلباء کے رول نمبر 1 تا 50 ہیں۔ اس کا مطلب ہے N میں 51 کلاس کے کسی بھی طلباء کا رول نمبر نہیں ہے، اس لئے $f$ کے ماتحت X،51 کے کسی بھی عنصر کی پرچھائی نہیں ہے۔ اس کا مطلب ہے f، اون ٹو نہیں ہے۔

**مثال 8** دکھائیے کہ تفاعل $f : \mathbf{N} \rightarrow \mathbf{N}$ جو کہ $f(x) = 2x$ ہے، یک۔ یک ہے لیکن اون ٹو نہیں ہے۔

**حل** تفاعل $f$، یک۔ یک ہے، $f(x_1) = f(x_2) \Rightarrow 2x_1 = 2x_2 \Rightarrow x_1 = x_2$ کے لیے۔ اس کے آگے، $f$ اون ٹو نہیں ہے، کیونکہ $1 \in N$ کے لیے N میں کوئی بھی ایسا $x$ نہیں ہے تا کہ $f(x) = 2x = 1$ ہو۔

**مثال 9** ثابت کیجیے کہ تفاعل $f : \mathbf{R} \rightarrow \mathbf{R}$ جو کہ $f(x) = 2x$ ہے، یک۔ یک اور اون ٹو ہے۔

**حل** $f$ ایک ۔ایک ہے، کیونکہ $f(x_1) = f(x_2) \Rightarrow 2x_1 = 2x_2 \Rightarrow x_1 = x_2$ ہے ساتھ ہی، اگر کوئی حقیقی عدد $y$، R میں دیا گیا ہے، $\frac{y}{2}$ R میں موجود ہے تا کہ $f(\frac{y}{2}) = 2 \cdot (\frac{y}{2}) = y$۔ اس لئے، $f$ اون ٹو ہے۔




شکل 1.3

**مثال 10** دکھائیے کہ تفاعل $f : \mathbf{N} \rightarrow \mathbf{N}$ جو کہ $f(1) = f(2) = 1$ اور $f(x) = x - 1$ ہر ایک $x > 2$ کے لیے، سے دیا گیا ہے اون ٹو ہے لیکن یک ۔ یک نہیں ہے۔

© NCERT Not to be Republished

**حل** $f$، یک– یک نہیں ہے، کیونکہ $f(1) = f(2) = 1$ ہے۔ لیکن $f$ اون ٹو ہے، کیونکہ $y \in N, y \neq 1$ دیا گیا ہے، ہم ایک $x$ چن سکتے ہیں $y+1$ کی جگہ تا کہ $f(y+1) = y+1-1 = y$ ہے ساتھ ہی $1 \in N$ کے لیے، ہمارے پاس ہے $f(1)=1$ ۔

**مثال 11** دکھائیے کہ تفاعل $R \to R$ جو کہ $f(x) = x^2$ سے بیان کیا گیا ہے نہ تو یک– یک ہے اور نہ ہی بر۔

**حل** کیونکہ $f(-1) = 1 = f(1)$، اس لیے $f$ یک– یک نہیں ہے۔ ساتھ ہی، عنصر 2– ہم علاقہ **R** میں علاقہ **R** کے کی بھی عنصر کا عکس نہیں ہے (کیوں؟)

اس لیے کہ $f$ اون ٹو نہیں ہے۔




**The image of 1 and –1 under $f$ is 1.**

**شکل 1.4**

**مثال 12** دکھائیے کہ $f : N \to N$، جو کہ دیا گیا ہے۔

$$f(x) = \begin{cases} x+1 & \text{اگر } x \text{ طاق ہے} \\ x-1 & \text{اگر } x \text{ جفت ہے} \end{cases}$$

دونوں یک– یک اور اون ٹو ہے

**حل** مان لیجیے کہ $f(x_1) = f(x_2)$ ہے۔ یہ نوٹ کر لیجیے کہ اگر $x_1$ طاق ہے اور $x_2$ مثبت ہے، تب ہمارے پاس ہوگا $x_1 + 1 = x_2 - 1$ یعنی $x_2 - x_1 = 2$ جو کہ ناممکن ہے۔ اسی طرح $x_1$ کا جفت ہونا اور $x_2$ کا طاق ہونے کی ممکنات کو بھی نظر انداز کیا جا سکتا ہے، اسی طرح کی دلیل کا استعمال کر کے– اس لیے دونوں $x_1$ اور $x_2$ یا تو جفت یا طاق ہونے چاہئیں۔

مان لیجیے دونوں $x_1$ اور $x_2$ طاق ہیں۔ تب $f(x_1) = f(x_2) \Rightarrow x_1 + 1 = x_2 + 1 \Rightarrow x_1 = x_2$ اسی طرح، اگر دونوں $x_1$ اور $x_2$ جفت ہیں، تب بھی $f(x_1) = f(x_2) \Rightarrow x_1 - 1 = x_2 - 1 \Rightarrow x_1 = x_2$

اس طرح $f$، ایک–ایک ہے۔ ساتھ ہی، کوئی بھی طاق $2r+1$ ہم علاقہ N میں $2r+2$ کا عکس ہے اور کسی بھی مثبت عدد $2r$ کا ہم علاقہ N میں علاقہ N میں $2r-1$ کا عکس ہے اس طرح $f$، اون ٹو ہے۔

**مثال 13** دکھائیے کہ ایک اون ٹو تفاعل $f : \{1, 2, 3\} \to \{1, 2, 3\}$ ہمیشہ یک– یک ہے۔

**حل** مان لیجیے $f$، یک– یک نہیں ہے تب علاقہ میں دو عناصر مثال کے طور پر 1، اور 2، موجود ہیں جس کا عکس ہم علاقہ میں وہی

© NCERT Not to be Republished

ہے۔ ساتھ ہی $f$، کے زیر سایہ 3 کا عکس صرف ایک عنصر ہوسکتا ہے۔ اس لیے وسعت سیٹ کے زیادہ سے زیادہ ہم علاقہ {1,2,3} میں دو عناصر ہوسکتے ہیں، جو یہ دکھا رہا ہے کہ $f$، اون ٹو نہیں ہے، ایک تعاد ہے۔ اس لئے $f$، یک۔ یک ہونا ہی چاہئے۔

**مثال 14** دکھایئے کہ یک یک۔ یک تفاعل $f : \{1, 2, 3\} \to \{1, 2,3\}$ بر ہونا ہی چاہئے۔

**حل** کیونکہ $f$، یک۔ یک ہے، اس لئے $f$ کے زیرِ سایہ ہم علاقہ {1,2,3} میں 3 مختلف عناصر ایک ساتھ لینے چاہئے۔ اس لئے $f$، کو اون ٹو ہونا ہی ہے۔

**ریمارک** مثال 13 اور 14 میں دکھائے گئے اختیار محدود سیٹ کے نتائج بھی صحیح ہیں، یعنی۔، ایک یک۔ یک تفاعل $f : X \to X$ ضروری ہے کہ اون ٹو ہو اور ایک اون ٹو نقشہ $f : X \to X$ ضروری ہے کہ یک۔ یک ہو، کسی بھی محدود سیٹ کے لئے۔ اس کے برعکس، مثالیں 8 اور 10 دکھاتی ہیں کہ لامحدود سیٹ کے لئے، یہ صحیح نہیں ہوسکتا۔ حقیقت میں، یہ محدود سیٹ اور لامحدود سیٹ کے بیچ میں ایک کرداری فرق ہے۔

## مشق 1.2

1۔ دکھایئے کہ فنکشن $f : \mathbf{R}_* \to \mathbf{R}$ جو کہ $f(x) = \frac{1}{x}$ سے بیان کیا گیا ہے یک۔ یک اور بر ہے، جہاں $\mathbf{R}_*$ غیر صفر حقیقی اعداد کا سیٹ ہے۔ کیا نتیجہ صحیح ہے، اگر علاقہ $\mathbf{R}_*$ کو N سے بدلا گیا ہو اور ہم علاقہ وہی ہو جو $\mathbf{R}_*$ میں ہے؟

2۔ ذیل فنکشن کی داخلی اور اون ٹو کی جانچ کیجیے:

(i) $f : \mathbf{N} \to \mathbf{N}$ جو کہ $f(x) = x^2$ دیا گیا ہے

(ii) $f : \mathbf{Z} \to \mathbf{Z}$ جو کہ $f(x) = x^2$ دیا گیا ہے

(iii) $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ $f(x) = x^2$ دیا گیا ہے

(iv) $f : \mathbf{N} \to \mathbf{N}$ جو کہ $f(x) = x^3$ دیا گیا ہے

(v) $f : \mathbf{Z} \to \mathbf{Z}$ جو کہ $f(x) = x^3$ دیا گیا ہے

3۔ ثابت کیجئے کہ عظیم صحیح عدد فنکشن $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ $f(x)=[x]$ سے دیا گیا ہے نہ تو یک۔ یک ہے اور نہ ہی اون ٹو، جہاں $[x]$ عظیم صحیح عدد کو ظاہر کرتا ہے جو کہ $x$ کے چھوٹا ہے یا برابر ہے۔

© NCERT not to be Republished

4۔ دکھائیے کہ مقیاس فنکشن $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ $f(x) = |x|$ دیا گیا ہے، نہ تو یک- یک ہے اور نہ ہی اون ٹو جہاں $|x|$ ہے، اگر $x$ مثبت یا 0 ہے اور $|x|$, $-x$ ہے، اگر $x$ منفی ہے۔

5۔ دکھائیے کہ سگنم تفاعل $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ

$$f(x) = \begin{cases} 1, & \text{اگر } x > 0 \\ 0, & \text{اگر } x = 0 \\ -1, & \text{اگر } x < 0 \end{cases}$$

سے دیا گیا ہے نہ تو یک- یک ہے اور نہ ہی بر

6۔ مان لیجئے $A=\{1, 2, 3\}$، $B = \{4, 5, 6, 7\}$ اور $f=\{(1, 4), (2, 5), (3, 6)\}$ ۔A سے B کی طرف ایک تفاعل ہے۔ دکھائیے کہ $f$ یک- یک ہے۔

7۔ مندرجہ ذیل ہر ایک کیس میں، بیان کیجئے کہ کیا تفاعل یک- یک ہے، اون ٹو ہے یا دو قسمی۔ اپنے جواب کی دلیل دیجیے۔

(i) $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ $f(x) = 3 - 4x$ سے بیان کیا گیا ہے

(ii) $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ $f(x) = 1 + x^2$ سے بیان کیا گیا ہے۔

8۔ مان لیجئے A اور B دو سیٹ ہیں۔ دکھائیے کہ $f : A \times B \to B \times A$ تا کہ $f(a, b) = (b, a)$ ایک دو قسمی تفاعل ہے۔

9۔ مان لیجئے $f : \mathbf{N} \to \mathbf{N}$ جو کہ

$$f(n) = \begin{cases} \dfrac{n+1}{2} & \text{اگر } n \text{ طاق ہے} \\ \dfrac{n}{2} & \text{اگر } n \text{ جفت ہے} \end{cases} \quad n \in N$$

سے بیان کیا گیا ہے

بیان کیجیے کہ کیا تفاعل $f$ دو قسمی ہے۔ اپنے جواب کی وضاحت دیجئے۔

10۔ مان لیجئے $A = \mathbf{R} - \{3\}$ اور $B = \mathbf{R} - \{1\}$ ہے تفاعل $f : A \to B$ پر غور کیجیے جو کہ $f(x) = \left(\dfrac{x-2}{x-3}\right)$ سے بیان کیا گیا ہے۔ کیا $f$ یک- یک ہے؟ اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

11۔ مان لیجئے $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ $f(x) = x^4$ سے بیان کیا گیا ہے۔ صحیح جواب چنیے۔

(A) $f$ یک- یک اون ٹو ہے   (B) $f$ بہت سے- ایک اون ٹو ہے

(C) $f$ یک- یک ہے نہ کہ اون ٹو   (D) $f$ نہ تو یک- یک ہے اور نہ ہی اون ٹو

© NCERT Not to be Republished

**12۔** مان لیجئے $f : R \to R$ جو کہ $f(x) = 3x$ سے بیان کیا گیا ہے صحیح جواب چنیے۔

(A) $f$ یک – یک اونٹو ہے (B) $f$ بہت سے–ایک اونٹو ہے

(C) $f$ یک – یک ہے نہ کہ اونٹو (D) $f$ نہ تو یک– یک ہے اور نہ ہی اونٹو

## 1.4 تفاعل کی ترکیب اور قابلِ تعکیس تفاعل

اس حصہ میں ہم تفاعل کی بناوٹ اور دو قسمی تفاعل کے معکوس کا مطالعہ کریں گے۔ ان تمام طلباء کے سیٹ A پر غور کیجیے جو دسویں جماعت میں 2006 میں بورڈ کے امتحان میں بیٹھے تھے۔ ہر طالب علم جو بورڈ کے امتحان میں بیٹھ رہا ہے اسے بورڈ نے ایک رول نمبر دیا ہے جو کہ ہر ایک طالب علم نے اپنی جواب کی کاپی میں امتحان کے وقت لکھا ہے۔ راز داری کے لیے بورڈ نے طلباء کے رول نمبروں کی شکل بدل کرانہیں از سر نو ان کی جواب کی کاپی میں ایک فرضی کوڈ نمبر ایک رول نمبر کے لیے لکھ دیا۔ مان لیجیے $B \subset N$ تمام رول نمبروں کا سیٹ ہے اور $C \subset N$ تمام کوڈ نمبروں کا سیٹ ہے یہ دو فنکشن $f : A \to B$ اور $g : B \to C$ کو وجود دیتا ہے جو کہ $f(a)$ وہ رول نمبر ہے جو طالب علم $a$ کو فراہم کیا گیا ہے اور $g(b)$ وہ کوڈ نمبر ہے جو رول نمبر $b$ کو فراہم کیا گیا ہے۔ اس طرح تفاعل $f$ کے ذریعے ہر طالب علم کو ایک رول نمبر فراہم کیا گیا ہے اور ہر رول نمبر کو تفاعل $g$ کے ذریعہ ایک کوڈ فراہم کیا گیا ہے۔ اس طرح، ان دونوں تفاعل کے مجموعہ سے ہر ایک طالب علم ایک کوڈ نمبر کے ساتھ جڑ گیا ہے۔

**تعریف 8** مان لیجیے $f : A \to B$ اور $g : B \to C$ دو تفاعل ہیں۔ تب $f$ اور $g$ کی بناوٹ، جو کہ $gof$ سے ظاہر کی گئی ہے ایک تفاعل کی طرح بیان کی گئی ہے $gof : A \to C$ جو کہ دیا گیا ہے۔

$$gof(x) = g(f(x)), \ \forall\, x \in A.$$




**شکل 1.5**

**مثال 15** مان لیجیے $f : \{2,3,4,5\} \to \{3,4,5,9\}$ اور $g : \{3,4,5,9\} \to \{7,11,15\}$ تفاعل ہیں جو کہ $f(2)=3$

$f(3) = 4, f(4) = f(5) = 5$ اور $g(3) = g(4) = 7$ اور $g(5) = g(9) = 11$ ہیں۔ gof دریافت کیجیے۔

**حل** ہمارے پاس ہے

$gof(2) = g(f(2)) = g(3) = 7,\ gof(3) = g(f(3)) = g(4) = 7,\ gof(4) = g(f(4)) = g(5) = 11$ اور

$gof(5) = g(5) = 11$

**مثال 16** $gof$ اور $fog$ دریافت کیجیے، اگر $f : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ اور $g : \mathbf{R} \to \mathbf{R}$ جو کہ دیے گئے ہیں $f(x) = \cos x$ اور $g(x) = 3x^2$ سے۔ دکھایئے کہ $gof \neq fog$ ہے۔

**حل** ہمارے پاس ہے $gof(x) = g(f(x)) = g(\cos x) = 3(\cos x)^2 = 3\cos^2 x$ اسی طرح $fog(x) = f(g(x)) = f(3x^2) = \cos(3x^2)$ نوٹ کرلیجیے کہ $3\cos^2 x \neq \cos 3x^2$ ہے $x = 0$ کے لیے اس طرح $gof \neq fog$۔

**مثال 17** دکھایئے کہ اگر $f : \mathbf{R} - \left\{\frac{7}{5}\right\} \to \mathbf{R} - \left\{\frac{3}{5}\right\}$ ہے جو کہ $f(x) = \frac{3x+4}{5x-7}$ سے بیان کیا گیا ہے۔ اور $g : \mathbf{R} - \left\{\frac{3}{5}\right\} \to \mathbf{R} - \left\{\frac{7}{5}\right\}$ جو کہ $g(x) = \frac{7x+4}{5x-3}$ سے بیان کیا گیا ہے، تب $fog = I_A$ اور $gof = I_B$ ہے،

جہاں، $A = \mathbf{R} - \left\{\frac{3}{5}\right\}$ اور $B = \mathbf{R} - \left\{\frac{7}{5}\right\}$ ہے؛

$I_A(x) = x, \forall x \in A, I_B(x) = x, \forall x \in B$ بالترتیب سیٹ A اور B پر تماثلی تفاعل کہلاتے ہیں۔

**حل** ہمارے پاس ہے

$$gof(x) = g\left(\frac{3x+4}{5x-7}\right) = \frac{7\left(\frac{(3x+4)}{(5x-7)}\right)+4}{5\left(\frac{(3x+4)}{(5x-7)}\right)-3} = \frac{21x+28+20x-28}{15x+20-15x+21} = \frac{41x}{41} = x$$

اسی طرح

$$fog(x) = f\left(\frac{7x+4}{5x-3}\right) = \frac{3\left(\frac{(7x+4)}{(5x-3)}\right)+4}{5\left(\frac{(7x+4)}{(5x-3)}\right)-7} = \frac{21x+12+20x-12}{35x+20-35x+21} = \frac{41x}{41} = x$$



© NCERT Not to be Republished

اس طرح $g \circ f(x) = x, \forall x \in B$ اور $f \circ g(x) = x, \forall x \in A$ ہے جس کا مطلب ہے

$g \circ f = I_B$ اور $f \circ g = I_A$ ۔

**مثال 18** دکھائیے کہ اگر $f : A \to B$ اور $g : B \to C$ یک۔ یک ہیں، تب $g \circ f : A \to C$ بھی یک۔ یک ہے۔

**حل** مان لیجئے $g \circ f(x_1) = g \circ f(x_2)$

$$\Rightarrow \quad g(f(x_1)) = g(f(x_2))$$

$$\Rightarrow \quad f(x_1) = f(x_2)$$ کیونکہ g یک۔ یک ہے

$$\Rightarrow \quad x_1 = x_2$$ کیونکہ $f$ یک۔ یک ہے

اس لئے، $g \circ f$، یک۔ یک ہے

**مثال 19** دکھائیے کہ اگر $f : A \to B$ اور $g : B \to C$ اون ٹو ہیں، تب $g \circ f : A \to C$ بھی اون ٹو ہے۔

**حل** ایک اختیاری عنصر $z \in C$ دیا گیا ہے g کے زیرِ سایہ Z کا پہلے کا عکس y موجود ہے تا کہ $g(y) = Z$، کیونکہ g بر ہے۔ اس کے آگے، $y \in B$ کے لئے A میں $x$ ایک عنصر موجود ہے $f(x) = y$ کے ساتھ، کیونکہ $f$ بر ہے۔ اس لئے $g \circ f(x) = g(f(x)) = g(y) = Z$ ہے، جو کہ دکھاتا ہے کہ $g \circ f$ اون ٹو ہے۔

**مثال 20** فنکشن $f$ اور g پر غور کیجیے تا کہ $g \circ f$ کی بناوٹ بیان کی جا سکے اور یک۔ یک ہو۔ کیا $f$ اور g دونوں لازمی طور پر یک۔ یک ہیں؟

**حل** $\{1, 2, 3, 4\} \to \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$ پر غور کیجیے جو کہ $f(x) = x, \forall x$ کے لئے بیان کیا گیا ہے اور $g : \{1, 2, 3, 4, 5, 6\} \to \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$ کیونکہ $g(x)=x$ ہے تمام $x=1,2,3,4$ کے لئے اور $g(5)=g(6)=5$ تب $g \circ f(x) = x \ \forall \ x$ ہے جو دکھاتا ہے کہ $g \circ f$، یک۔ یک ہے۔ لیکن صاف طور پر، g، یک۔ یک نہیں ہے؟

**مثال 21** کیا دونوں فنکشن $f$ اور g لازمی طور پر اون ٹو ہیں، اگر $g \circ f$، اون ٹو ہے؟

**حل** $f : \{1, 2, 3, 4\} \to \{1, 2, 3, 4\}$ اور $g : \{1, 2, 3, 4\} \to \{1, 2, 3\}$ پر غور کیجیے جو کہ $f(1)=1, f(2)=2, f(3)=f(4)=3, g(1)=1, g(2)=2$ اور $g(3)=g(4)=3$ سے بیان کئے گئے ہیں۔ یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ $g \circ f$ اون ٹو



© NCERT Not to be Republished

ہے لیکن $f$ اون ٹو نہیں ہے۔

**ریمارک** عام طور پر یہ جانچ کی جاسکتی ہے کہ $gof$، یک۔ یک ہونے کا مطلب ہے $f$، یک۔ یک ہے اسی طرح، $gof$، اون ٹو ہے کا مطلب ہے g اون ٹو ہے۔

اب ہم، بورڈ امتحانات کے حوالے سے اس سیکشن (حصہ) کے آغاز میں جو تفاعل $f$ اور g بیان کئے گئے ہیں ان پر نظر رکھیں گے۔ بورڈ کے دسویں جماعت کے امتحان پر بیٹھنے والے طلباء کا فنکشن f کے زیرِ سایہ ایک رول نمبر دیا گیا ہے g تفاعل کے زیرِ سایہ ہر رول نمبر کو ایک کوڈ دیا گیا ہے جوبات کی کابیوں کے جانچنے کے بعد نمبروں کی لسٹ میں جانچنے والا ہر کوڈ نمبر کے سامنے نمبر چڑھاتا ہے اور اسے بورڈ کے دفتر میں جمع کر دیتا ہے۔ بورڈ کے افسران اسے ڈی۔ کوڈ کرتے ہیں ہر ایک کوڈ نمبر کو ایک رول نمبر فراہم کرتے ہیں ایک طریقے سے جو اسے الٹا g کی طرف لے جاتا ہے اور اس طرح کوڈ نمبر کی بجائے نمبر، رول نمبروں کے ساتھ جڑ جاتے ہیں۔ اس کے آگے، طریقہ دوبارہ $f$ کی طرف پلٹ جاتا ہے جو کہ رول نمبر کو اس رول نمبر سے ملاتا ہے۔ یہ ہماری مدد طلباء کو وہ نمبر دلانے میں کرتا ہے جو انھوں نے حاصل کئے ہیں۔ ہم اس بات کا مشاہدہ کرتے ہیں کہ $gof$ کو حاصل کرنے کے لئے جب ہم $f$ اور g کے ترکیب اجزائی کرتے ہیں، پہلے $f$ اور پھر g کو لئے ہیں، جب کہ الٹے طریقے میں $gof$ ترکیب اجزائی کرنے کے لئے پہلے ہم g کا الٹا لیتے ہیں اور پھر $f$، کا الٹا طریقہ۔

**مثال 22** مان لیجئے $f : \{1,2,3\} \to \{a,b,c\}$ یک۔ یک اور اون ٹو تفاعل ہے۔ جو کہ $f(1)=a, f(2)=b$ اور $f(3)=c$ سے دیا گیا ہے۔ دکھایئے کہ ایک ایسا تفاعل موجود ہے $g : \{a, b, c\} \to \{1, 2, 3\}$ تاکہ $gof = I_X$ اور $fog = I_Y$ جہاں، $X = \{1, 2, 3\}$ اور $Y = \{a, b, c\}$ ہے۔

**حل** $g : \{a, b, c\} \to \{1, 2, 3\}$ پر غور کیجیے کیونکہ $g(a) = 1, g(b) = 2$ اور $g(c) = 3$ ہے۔ یہ جانچ کرنا آسان ہے کہ غیر مفرد $gof = I_X$، تماثلی تفاعل X پر ہے اور غیر مفرد $fog = I_Y$ تماثلی تفاعل Y پر ہے۔

**ریمارک** دلچسپ حقیقت یہ ہے کہ اوپر مثال میں دیا گیا نتیجہ اختیاری یک۔ یک اور اون ٹو تفاعل $f : X \to Y$ کے لئے درست ہے۔ صرف یہ ہی نہیں اس کا برعکس بھی صحیح ہے، یعنی۔، اگر $f : X \to Y$ ایک تفاعل ہے تاکہ ایک تفاعل $g : Y \to X$ موجود ہے، تاکہ $gof = I_X$ اور $fog = I_Y$ ہے، تب f یک۔ یک اور اون ٹو ہوگا ہی۔

اوپر کا بحث ومباحثہ، مثال نمبر 22 اور ریمارک ذیل تعریف کی طرف لے جاتے ہیں:



© NCERT Not to be Republished

**تعریف 9** ایک تفاعل $f : X \to Y$ اس وقت قابلِ تعکیس بیان کیا جا سکتا ہے، اگر ایک تفاعل $g : Y \to X$ موجود ہے تاکہ $gof = I_X$ اور $fog = I_Y$ ہے تفاعل $g$،$f$ کا معکوس کہلاتا ہے اور اس $f^{-1}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

اس طرح اگر $f$ تقلیبی ہے، تب $f$ یک۔ یک اور بر ہونا چاہئے ۔ اور اس کے برعکس اگر $f^{-1}$ یک۔ یک اور بر ہے، تب $f$ تقلیبی ہونا چاہئے ۔ یہ حقیقت ہماری صاف طور پر مدد کرتی ہے یہ ثابت کرنے میں کہ فنکشن $f$ قابلِ تعکیس ہوگا یہ دکھانے سے کہ $f$، یک۔ یک اور اون ٹو ہے، خاص طور پر اس وقت جب $f$، کا اصل معکوس نہیں نکالنا ہو۔

**مثال 23** مان لیجئے $f : \mathbf{N} \to \mathbf{Y}$ ایک فنکشن ہے جو کہ $f(x) = 4x + 3$ سے بیان کیا گیا ہے، جہاں {کسی $x \in N$ کے لئے $Y = \{y \in N : y = 4x + 3$ ۔ دکھایئے کہ $f$ قابلِ تعکیس ہے ۔ اس کا معکوس معلوم کیجیے۔

**حل** ایک اختیاری عنصر $Y$ کے $y$ پر غور کیجئے ۔ $Y$ کی تعریف سے، $y = 4x + 3$ ہے کسی بھی $x$ کے لئے جو کہ علاقہ $N$ میں ہے یہ دکھاتا ہے کہ $x = \frac{(y-3)}{4}$ ہے ۔ $g : Y \to N$ ، $g(y) = \frac{(y-3)}{4}$ سے بیان کیجیے ۔ اب

$$gof(x) = g(f(x)) = g(4x + 3) = \frac{(4x+3-3)}{4} = x \text{ ہے اور}$$

$$fog(y) = f(g(y)) = f\left(\frac{(y-3)}{4}\right) = \frac{4(y-3)}{4} + 3 = y - 3 + 3 = y$$ ہے۔ یہ دکھاتا ہے کہ

$gof = I_N$ اور $fog = I_Y$ ہے، جس کا مطلب ہے کہ $f$، قابلِ تعکیس ہے اور $g$،$f$ کا معکوس ہے۔

**مثال 24** مان لیجئے $Y = \{n^2 : n \in N\} \subset N$ ، $f : N \to Y$ پر غور کیجیے کیونکہ $f(n) = n^2$ ہے۔ دکھایئے کہ $f$ تقلیبی ہے۔ $f$ کا معکوس دریافت کیجیے۔

**حل** $Y$ میں ایک اختیاری عنصر $y$ ہے جو کہ $n^2$ کی شکل کا ہے، کسی $n \in N$ کے لئے۔ اس کا مطلب ہے کہ $n = \sqrt{y}$ ، یہ ایک تفاعل $g : Y \to N$ دیتا ہے جو کہ $g(y) = \sqrt{y}$ سے بیان کیا گیا ہے۔ اب

$gof(n) = g(n2) = \sqrt{n^2} = n$ اور $fog(y) = f\left(\sqrt{y}\right) = \left(\sqrt{y}\right)^2 = y$ ہے، جو دکھاتا ہے کہ

$gof = I_N$ اور $fog = I_Y$ ۔ اس کا مطلب ہے۔ $f$ قابلِ تعکیس ہے $f^{-1} = g$ کے ساتھ۔

**مثال 25** مان لیجئے $f : \mathbf{N} \to \mathbf{R}$ ایک فنکشن ہے جو کہ $f(x) = 4x^2 + 12x + 15$ سے بیان کیا گیا ہے۔ دکھایئے

کہ $f : \mathbf{N} \rightarrow \mathbf{S}$ جہاں S، $f$ کی وسعت ہے، قابلِ تعکیس ہے۔ $f$ کا معکوس دریافت کیجیے۔

**حل** مان لیجیے $f$ کی وسعت کا $y$ ایک اختیاری عنصر ہے۔ تب $y = 4x^2 + 12x + 15$ ہے کسی بھی $x$ کے لئے جو کہ N میں موجود ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ $y = (2x + 3)^2 + 6$ ۔ یہ دیتا ہے $x = \frac{\left(\left(\sqrt{y-6}\right)-3\right)}{2}$ ، کیونکہ $y \geq 6$ سے۔

ہمیں $g : S \rightarrow \mathbf{N}$ کو $g(y) = \frac{\left(\left(\sqrt{y-6}\right)-3\right)}{2}$ سے بیان کرنا چاہیے۔

اب $gof(x) = g(f(x)) = g(4x^2 + 12x + 15) = g((2x + 3)^2 + 6)$

$$= \frac{\left(\left(\sqrt{(2x+3)^2+6-6}\right)-3\right)}{2} = \frac{(2x+3-3)}{2} = x$$

اور $fog(y) = f\left(\frac{\left(\left(\sqrt{y-6}\right)-3\right)}{2}\right) = \left(\frac{2\left(\left(\sqrt{y-6}\right)-3\right)}{2}+3\right)^2 + 6$

$$= \left(\left(\sqrt{y-6}\right)-3+3\right)^2 + 6 = \left(\sqrt{y-6}\right)^2 + 6 = y - 6 + 6 = y$$

اس لئے $gof = I_N$ اور $fog = I_S$ ہے۔ اس سے یہ نکلتا ہے کہ $f$ تقلیبی ہے $f^{-1} = g$ کے ساتھ۔

**مثال 26** $f : \mathbf{N} \rightarrow \mathbf{N}, g : \mathbf{N} \rightarrow \mathbf{N}$ اور $h: \mathbf{N} \rightarrow \mathbf{R}$ پر غور کیجیے، جو کہ $f(x) = 2x, g(y) = 3y + 4$ اور $h(z) = \sin z, \forall x, y$ اور Z جو کہ N میں موجود ہیں کے لئے بیان کیا گیا ہے۔ دکھایئے کہ $ho(gof) = (hog)of$ ہے۔

**حل** ہمارے پاس ہے

$$ho(gof)(x) = h(gof(x)) = h(g(f(x))) = h(g(2x))$$

$$= h(3(2x) + 4) = h(6x + 4) = \sin(6x + 4) \ \forall \ x \in \mathbf{N}.$$

ساتھ ہی $((hog)of)(x) = (hog)(f(x)) = (hog)(2x) = h(g(2x))$

$$= h(3(2x) + 4) = h(6x + 4) = \sin(6x + 4), \forall \in \mathbf{N}$$

یہ دکھاتا ہے کہ $ho(gof) = (hog)of$

یہ نتیجہ عام حالات کے لئے بھی صحیح ہے۔

© NCERT Not to be Republished

**مسئلہ 1** $f: X \to Y, g: Y \to Z$ اور $h: Z \to S$ تفاعل ہیں، تب

$$ho(gof) = (hog)of.$$

**ثبوت** ہمارے پاس ہے

$$ho(gof)(x) = h(gof(x)) = h(g(f(x))),\ \forall\ x \text{ میں } X \text{ کے لئے}$$

اور $(hog)of\ (x) = hog(f(x)) = h(g(f(x))),\ \forall$ X میں $x$ کے لئے

اس طرح $ho(gof) = (hog)of$.

**مثال 27** $f: \{1,2,3\} \to \{a,b,c\}$ اور $g: \{a,b,c\} \to$ {سیب، گیند، بلی} پر غور کیجیے جو کہ $f(1)=a, f(2)=b,$ $f(3)=c,$ $g(a)=$ سیب، $g(b)=$ گیند، $g(c)=$ بلی، میں دکھائیے کہ $f, g$ اور $gof$ قابلِ تعکیس ہیں۔ $f^{-1}, g^{-1}$ اور $(gof)^{-1}$ دریافت کیجئے اور دکھائیے کہ $(gof)^{-1} = f^{-1}og^{-1}$ ہے۔

**حل** تعریف سے یہ نوٹ کر لیجیے کہ $f$ اور $g$ دو قسمی تفاعل ہیں۔ مان لیجئے کہ $f^{-1}: \{a,b,c\} \to \{1, 2, 3\}$ اور $g^{-1}$، {سیب، گیند، بلی} $\to \{a, b, c\}$ ہیں جو کہ $f^{-1}\{a\} = 1, f^{-1}\{b\} = 2, f^{-1}\{c\} = 3,$ ، $g^{-1}$ {سیب} $= a$ ، $g^{-1}$ {گیند} $= b$ ، اور $g^{-1}$ {بلی} $= c$ سے ظاہر کئے گئے ہیں۔ یہ تصدیق کرنا آسان ہے کہ $g^{-1}og = I_{\{a,b,c\}}$, $fo f^{-1} = I_{\{a,b,c\}}$, $f^{-1}of = I_{\{1,2,3\}}$ اور $go\, g^{-1} = I_D$ ہیں۔ جہاں D = {سیب، گیند، بلی} ہے۔ اب $gof: \{1, 2, 3\} \to$ {سیب، گیند، بلی} دیا گیا ہے $gof(1) =$ سیب، $gof$ گیند، $gof(3) =$ بلی، ہم اسے اس طرح بیان کر سکتے ہیں۔

$(gof)^{-1}$: {سیب، گیند، بلی} $\to \{1, 2, 3\}$ بذریعہ $(gof)^{-1}$(سیب) $= 1$، $(gof)^{-1}$(گیند) $= 2$ اور $(gof)^{-1}$(بلی) $= 2$ ہے۔ یہ دیکھنا آسان ہے کہ $(gof)^{-1} o (gof) = I_{\{1,2,3\}}$ اور $(gof) o (gof)^{-1} = I_D$ اس طرح ہم نے دیکھا کہ $f, g$ اور $g of$ تقلیبی ہیں۔

اب، $f^{-1}og^{-1}$ (سیب) $= f^{-1}(g^{-1}$(سیب)$) = f^{-1}(a) = 1 = (gof)^{-1}$(سیب)

$f^{-1}og^{-1}$ (گیند) $= f^{-1}(g^{-1}$(گیند)$) = f^{-1}(b) = 2 = (gof)^{-1}$(گیند) اور



© NCERT Not to be Republished

$f^{-1}og^{-1}$ (بلی) $= f^{-1}(g^{-1}$ (بلی) $= (gof)^{-1}$ (بلی) $= 3 = f^{-1}(c) =$ (بلی)۔

اس طرح $(gof)^{-1} = f^{-1}og^{-1}$.

اوپر دیا ہوا نتیجہ عام حالات میں بھی درست ہے۔

**مسئلہ 7** مان لیجئے $f: X \rightarrow Y$ اور $g: Y \rightarrow Z$ دو قابلِ تعکیس تفاعل ہیں۔ تب $gof$ بھی قابلِ تعکیس تفاعل ہے $(gof)^{-1} = f^{-1}og^{-1}$ کے ساتھ۔

**ثبوت** یہ دکھانے کے لئے کہ $gof$ قابلِ تعکیس ہے $(gof)^{-1} = f^{-1}og^{-1}$ کے ساتھ، یہ دکھانا کافی ہے کہ $(f^{-1}og^{-1})o(gof) = I_X$ اور $(gof)o(f^{-1}og^{-1}) = I_Z$ ہے۔

اب $(f^{-1}og^{-1})o(gof) = ((f^{-1}og^{-1})og)of$ مسئلہ 1، سے

$= (f^{-1}o(g^{-1}og))of$ مسئلہ 1، سے

$= (f^{-1}oI_Y)of$ ، $g^{-1} = I_X$ کی تعریف سے

اسی طرح، یہ بھی دکھایا جا سکتا ہے کہ $(gof)o(f^{-1}og^{-1}) = I_Z$. ہے۔

**مثال 28** مان لیجیے $S = \{1, 2, 3\}$ ہے یہ نکالئے کہ کیا تفاعل $f: S \rightarrow S$ جو ذیل طرح سے بیان کیا گیا ہے کے معکوس موجود ہیں۔ $f^{-1}$ دریافت کیجیے، گر یہ موجود ہے۔

(a) $f = \{(1, 1), (2, 2), (3, 3)\}$

(b) $f = \{(1, 2), (2, 1), (3, 1)\}$

(c) $f = \{(1, 3), (3, 2), (2, 1)\}$

**حل**

(a) یہ دیکھنا آسان ہے کہ $f$، یک۔ یک اور بر ہے، تا کہ $f$ کے دئے ہوئے معکوس $f^{-1}$ کے ساتھ $f$، قابلِ تعکیس ہے جو کہ دیا گیا ہے $f^{-1} = \{(1,1), (2, 2), (3, 3)\} = f$. ۔

